SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر XL مجریہ ۲۰۱۳

SINDH ACT NO.XL OF 2013

سندھ اقلیتی برادری کی گروہی جائیداد کا تحفظ ایکٹ، ۲۰۱۳

THE SINDH PROTECTION OF COMMUNAL PROPERTIES OF MINORITIES ACT, 2013

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ تعریف

Definitions

۳۔ اقلیتوں کی جائیداد کے فروخت اور منتقلی پر پابندی

Ban on sale or transfer of Minorities Properties

۴۔ ایکٹ اویکیوئی ٹرسٹ پراپرٹیز پر نافذ نہیں ہوگا

Act not apply to evacuee trust properties

۵۔ سزا

Punishment

۶۔ رکاوٹیں ہٹانا

Removal of difficulties

۷۔ قواعد بنانے کا اختیار

Power to make rules

سندھ ایکٹ نمبر XL مجریہ ۲۰۱۳

SINDH ACT NO.XL OF 2013

سندھ اقلیتی برادری کی گروہی جائیداد کا تحفظ ایکٹ، ۲۰۱۳

THE SINDH PROTECTION OF COMMUNAL PROPERTIES OF MINORITIES ACT, 2013

[۱ اپریل ۲۰۱۳]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ صوبہ کے اقلیتی برادری کے گروہی استعمال کے لیئے جائیداد کا تحفظ کیا جائے گا۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ موجودہ حالات میں یہ اقلیتی برادریوں کا مطالبہ ہے کہ سندھ صوبہ کے اقلیتی برادری کے گروہی استعمال کے لیئے جائیداد کا تحفظ کیا جائے؛

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ اقلیتی برادری کی دھرمی جائیداد کا تحفظ ایکٹ، ۲۰۱۳ کہا جائے گا۔

(۲)اس کی پورے صوبہ سندھ تک توثیق کی جائے گی۔

(۳)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

(۴)یہ صوبہ سندھ میں دھرمی فرقے کے استعمال میں اقلیتی برادری کی جائیداد پر نافذ ہوگا۔

تعریف

Definitions

۲۔اس ایکٹ میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک:

(a) "کمیشن" مطلب اقلیتوں کے لیئے صوبائی کمیشن؛

(b) "جائیداد" مطلب اقلیتوں کے عبادت کی جگہ، مسان، دھرم شالا، گوا شالا، شمشان گھاٹ، کمیونٹی سینٹر، سماجی بھلائی، تعلیم، صحت اور اقلیتی برادری کے دھرمی استعمال کے لیئے تفریحی ادارے اور جس میں شامل ہیں ساتھ والی عمارات، خالی جگہیں، زمینیں، رہائش کی جگہیں اور بیان کردہ جائیداد سے منسلک آفیسیں۔

اقلیتوں کی جائیداد کے فروخت اور منتقلی پر پابندی

Ban on sale or transfer of Minorities Properties

۳۔ (۱) دھرمی استعمال کے مقصد کے لیئے اقلیتی برادری کی کوئی بھی جائیداد کسی شخص کی طرف سے صوبائی حکومت سے اعتراض نہ ہونے والے سرٹیفکیٹ کے علاوہ خرید، فروخت یا منتقل نہیں کی جائے گی۔

(۲)بشرطیکہ اس سلسلے میں کچھ بھی حکومت کی طرف سے اقلیتی برادری کی ہاؤسنگ اسکیم کی منظوری سے جائیداد خرید، فروخت یا منتقل کرنے پر نافذ نہیں ہوگا۔	
(۳)ذیلی دفعہ (۱) میں بیان کردہ اعتراض نہ ہونے والا سرٹیفکیٹ صوبائی حکومت کی طرف سے اقلیتوں کےلیئے صوبائی کمیشن کی سفارش پر دیا جائے گا۔	
۴۔اس ایکٹ میں شامل کچھ بھی اویکیوئی ٹرسٹ پراپرٹیز ٹرسٹ کے حصہ ہونے پر اور صوبائی حکومت کے ماتحت جائیداد پر نافذ نہیں ہوگا۔	ایکٹ اویکیوئی ٹرسٹ پراپرٹیز پر نافذ نہیں ہوگا Act not apply to evacuee trust properties
۵۔ جو بھی اقلیتی برادری کے دھرمی استعمال سے متعلقہ کسی جائیداد کو دفعہ ۳ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے خرید، فروخت یا منتقل کرے گا، تو وہ قید کی سزا کا مستحق ہوگا جو سات سال تک بڑھ سکتی ہے اور جرمانہ جو ایک سو ہزار روپے سے کم نہیں ہوگا اور فروخت یا منتقلی کی کوئی بھی قانونی حیثیت نہیں رہے گی۔	سزا Punishment
٦۔اگر اس ایکٹ کی گنجائشیں نافذ کرنے میں کوئی رکاوٹ پیش آتی ہے تو صوبائی حکومت ایسا حکم جاری کر سکتی ہے جو اس ایکٹ کی گنجائشوں کے متضاد نہیں ہوگا، جیسے رکاوٹیں ہٹانے کے مقصد کے لیئے ضروری سمجھے۔	رکاوٹیں ہٹانا Removal of difficulties
۷۔ صوبائی حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے اس ایکٹ کے مقصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔	قواعد بنانے کا اختیار Power to make rules

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا